سوال

(97) ختنہ کیک موقع پر دعوت کا اہتمام کرنا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے قصبہ اور گردونواح میں یہ رواج ہے۔ کے جس روز ختنہ لڑکے کا کردیا جاتا ہے۔ اس روز لڑکے کے ننھیال والے یعنی نانی ماموں وغیرہ لڑکے اور لڑکے کے والدین کے واسطے جوڑے اور نقدی اور مٹھائی وغیرہ لاتے ہیں۔ اور اسی روز قصبہ کی تمام برادری کو کھانا دیا جاتا ہے۔ اور شام کو بعد مغرب تمام برادری میں بلاوا دیا جاتا ہے۔ کہ فلاں شخص کے لڑکے کا ختن ہے۔ جب سب برادری جمع ہوجاتی ہے تو عام جلسہ میں ختنہ کیا جاتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لڑکے کے نانی وغیرہ جولاتے ہیں۔ بطور ایک احسان کے لاتے ہیں۔ کیونکہ وہ بھی اسی دولہا کو اپنی اولاد جانتے ہیں۔ اسی لئے جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد 2 ص 75

محدث فتویٰ